تھے۔اس ضمن میں انہوں نے اپنے شاگردوں کو بھی خوب تربیت دی۔جو انہی کے نقش قدم پر قائم ہیں۔
مولانا کی رحلت سے یقیناً ایک خلا پیدا ہوا ہے۔جسے پر کرنے کے لیے ان کے شاگردوں کو محنت کرنا ہوگی۔

حضرت مولانا سیف اللہ خالد آف بھکر کو صدمہ

جماعت کے معروف عالم دین حضرت مولانا سیف اللہ خالد امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع بھکر کے بڑے بھائی ڈاکٹر محمد اسد اللہ مختصر علالت کے بعد 23 جنوری کو انتقال فرما گئے۔ابھی یہ صدمہ تازہ ہی تھا کہ مورخہ 27 جنوری کو ان کے بہنوئی مولانا عبدالشکور رحلت فرما گئے۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحومین بڑے متقی، پرہیز گار اور صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے۔موخر الذکر جامعہ سلفیہ سے فارغ التحصیل بھی تھے۔

ادارہ جامعہ سلفیہ کی انتظامیہ و اساتذہ و طلبہ نے تمام مرحومین کی بخشش کے لیے دعا کی اللہ تعالیٰ ان کی بشری لغزشوں سے درگزر کرتے ہوئے انہیں جنۃ الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق فرمائے۔آمین

ادارہ تبلیغ اسلام جام پور کی طرف سے اہم اعلان

ادارہ تبلیغ اسلام جام پور کی طرف سے مسلک اہل حدیث کے امتیازی مسائل پر مشتمل اشتہارات کا رنگین، فور کلر، ذیل درج ذیل سیٹ مفت زیر تقسیم ہے

1- کیا اللہ کے سوا کوئی اور مشکل حل کرنے پر قادر ہے؟ایک سوال کی دس شکلیں!'**2-** نماز میں پاؤں سے پاؤں ملانے اور سینے پر ہاتھ باندھنے کا ثبوت!'**3-** نماز روزہ کے محمدی دائمی اوقات!'**4-** اہمیتِ نماز اور بے نماز کا انجام!'**5-** سورہ فاتحہ خلف الامام!'**6-** آمین بالجہر کا ثبوت!'**7-** اثباتِ رفع الیدین!

ملک بھر کی تمام مساجد و مراکز کے منتظمین حضرات مذکورہ بالا مکمل سیٹ مفت منگوائیں اور فریم کروا کر نمایاں جگہ پر آویزاں کریں۔مسلک حقہ کی ترویج و دعوت کا یہ بہترین اور موثر ذریعہ ہے۔

نوٹ ☆ فریم کروا کر آویزاں کرنے کا تحریری وعدہ آنا ضروری ہے۔ڈاک خرچ ادارہ کی طرف سے برداشت کیا جائیگا۔

اوقات رابطہ بذریعہ فون ☆ صبح 8 بجے تا 10 بجے تک!

منجانب
محمد یسین راہی
مدیر ادارہ تبلیغ اسلام جام پور ضلع راجن پور
پنجاب پاکستان 0333-8556473